www.KitaboSunnat.com

# حجیتِ حدیث
## دررد
# موقفِ انکارحدیث

**مولف**

حافظ جلال الدین القاسمی

(فاضل دارالعلوم دیوبند،ایم اے میسور یونیورسٹی)

ناشر

فیت والا پبلی کیشن ہاؤس

﴿جملہ حقوق بحق مولف محفوظ ہیں﴾


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | حجیتِ حدیث دررِدّ موقف انکارحدیث |
| مؤلف | : | حافظ جلال الدین القاسمی (ایم اے میسور یونیورسٹی) |
| سن اشاعت | : | اگست،۲۰۱۴ |
| ایڈیشن | : | پہلا ایڈیشن |
| صفحات | : | 46 |
| تعداد | : | ۱۰۰۰ |
| کمپوزنگ | : | محمد طٰہٰ۔9226931304 |
| ناشر و مطبع | : | فیت والا پبلیکیشن ہاؤس |
| نظر ثانی | : | ابوحمزہ |


**ملنے کا پتہ**

عاصم عبداللہ فیت والا (ایم اے۔ڈی ایڈ۔ایم فل)

گولڈن انجنیئرز،سٹی کالج کے پیچھے،مالیگاؤں

9028182104



محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# فہرست مضامین


| نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 1 | عرض ناشر | 4 |
| 2 | تصدیر | 6 |
| 3 | حدیث کے منزل من اللہ ہونے کا ثبوت | 8 |
| 4 | حجیت حدیث کے دلائل | 11 |
| 5 | تبیین رسول کی مثالیں | 16 |
| 6 | معیارِ تحقیق | 21 |
| 7 | ایک اعتراض اور اس کا جواب | 22 |
| 8 | احادیث کی حفاظت کا عملی اہتمام | 23 |
| 9 | عہد رسالت میں حدیث کی کتابت وحفظ کا ثبوت | 24 |
| 10 | امام بخاریؒ معصوم نہیں تھے | 25 |
| 11 | **تبیانا لکل شئی** کا مفہوم | 26 |
| 12 | **تفصیلا لکل شئی** (سورہ انعام:۱۵۵) کا مفہوم | 26 |
| 13 | احادیث کے ضعیف وموضوع ہونے پر اعتراض | 27 |
| 14 | خبر واحد کی حجیت قرآن سے | 30 |
| 15 | خبر واحد کی حجیت حدیث سے | 30 |
| 16 | بخاری میں بدعتی راوی ہیں اس کا جواب | 31 |
| 17 | عذابِ قبر | 32 |
| 18 | حدیث ثلاث کذبات | 33 |
| 19 | حدیث زنائے قردۃ | 34 |
| 20 | نبی پر جادو کی حقیقت | 35 |
| 21 | دجال | 40 |
| 22 | ظہورِ مہدی | 43 |




بسم اللہ الرحمن الرحیم

# عرض ناشر

اسلام میں داخل ہونے کے لئے قرآن ایمان باللہ کے ساتھ ایمان بالرسول کا بھی مطالبہ کرتا ہے۔اگر کوئی شخص حدیث کا انکار کردے تو اس سے قرآن کا انکار لازم آتا ہے۔مگر مستشرقین کے پیدا کردہ شبہات سے متاثر ہو کر مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد انکار حدیث کے فتنہ میں مبتلا ہو کر دائرہ اسلام سے نکل رہی ہے۔

فیت والا پبلیکیشن کی جانب سے اس سے قبل شائع ہونے والی کتاب ''**رد تقلید**'' کو جو قبولیت عامہ حاصل ہوئی اسکی توقع نہ تھی۔اسے ہم اللہ کا فضل خاص ہی کہیں گے کہ پوری دنیا میں ہزاروں کی تعداد میں اس کتاب کو انٹرنیٹ سے ڈاؤنلوڈ کیا گیا اور بیرون ممالک میں بعض شیوخ جنہوں نے فن حدیث میں ڈاکٹریٹ کیا ہے اس کتاب کی تخریج، تحقیق، تسہیل، اور تقدیم کے ساتھ شائع کر کے اسے کثیر تعداد میں مفت تقسیم کیا ہے۔

اس بار عوام کی شدید خواہش پر شیخ جلال الدین قاسمی حفظہ اللہ نے فتنۂ انکار حدیث کے حساس موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔اس موضوع پر کتابیں بہت ہیں مگر انتہائی اختصار و جامعیت کے ساتھ اور عوام وخواص دونوں کے لئے مفید ایسی کتاب موجود نہیں ہے۔

اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں انہیں اشکالات وشبہات کا ازالہ کیا گیا ہے جنہیں عام طور پر منکرین حدیث بڑے طمطراق کے ساتھ لوگوں کے سامنے پیش کر کے انہیں گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ان شاء اللہ یہ کتاب انکے پیش کردہ اشکالات وشبہات کو قلع قمع کرنے



محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوں گے۔ وہ زمین کو عدل و سلامتی سے بھر دیں گے۔ عیسیٰ علیہ السلام مہدی کے پیچھے نماز پڑھیں گے اور مہدی شریعت محمدیہ کے مطابق ہی فیصلہ کریں گے۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام دجال کا پیچھا کریں گے اور اسے فلسطین کے ایک مقام باب لد کے پاس قتل کریں گے۔ (بخاری، مسلم)

سوال پیدا ہوتا ہے کہ اللہ نے قرآن میں دابۃ الارض اور یاجوج ماجوج کا ذکر فرمایا مگر دجال کا نام ذکر نہیں فرمایا۔ جواب یہ ہے کہ اللہ نے قرآن میں ایک آیت کے اندر اشارتاً اس کا ذکر فرمایا ہے۔ **یوم یاتی بعض آیات ربك لاینفع نفسا ایمانها** (سورہ الانعام) یعنی جس دن اللہ کی کچھ نشانیاں ظاہر ہوں گی تو کسی کو اس وقت ایمان لانا فائدہ نہ دے گا۔ اس آیت کی تفسیر ایک حدیث اس طرح کرتی ہے۔

**ثلاث اذا خرجن** یعنی تین چیزوں کا جب ظہور ہوگا تو توبہ کا دروازہ بند ہوجائے گا۔ ایک ہے مغرب سے سورج کا نکلنا، دوسرے دابۃ الارض کا نکلنا، تیسرے دجال کا نکلنا۔

(ترجمہ از **هذه عقيدتي لعائض القرني**)

## نسخ

منکرین حدیث قرآن میں نسخ کے بھی قائل نہیں ہیں جبکہ اللہ سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۰۶ میں فرماتا ہے:

**مانَنسخ من آية**

جب ہم کسی آیت کو منسوخ کرتے ہیں۔

قرآن میں نسخ کا بین ثبوت ہے لیکن ملحوظ رہے کہ نسخ شیعوں کے ایک عقیدے ''**عقیدۂ بدا**'' کے خلاف ہے۔

**بدا** کا مطلب ہے کہ پہلے کوئی حکم دیا پھر اس حکم میں کسی غلطی یا نقصان کا علم ہوا تو اس کو بدل دیا۔ **بدا** کے مفہوم میں غلطی اور خطا داخل ہے۔ جبکہ نسخ کا مطلب ہے کہ ایک حکم کا زمانہ ختم ہوجائے اور دوسرے حکم کا زمانہ آجائے تو پہلے حکم کو بحکمت بالغہ دوسرے حکم سے بدل دیا جاتا ہے۔ اللہ حکیم ہے اور اس کی کتاب قرآن بھی حکمت



والی کتاب ہے۔ ایک حکیم کسی مریض کے مرض کی تشخیص کے بعد جب اس کا علاج کرتا ہے تو مریض کی حالت جیسے جیسے سدھرتی جاتی ہے وہ دوائیں بدلتا جاتا ہے۔ مرض کی ابتداء سے لے کر انتہا تک ایک ہی دوا دیتے جانا حکمت کے خلاف ہے۔

نسخ سابقہ شریعتوں میں بھی رہا ہے۔ جیسے سگے بھائیوں بہنوں کی شادی شریعت آدمؑ میں جائز تھی بعد میں حرام ہوئی۔ اسی طرح شریعت یعقوب میں دو سگی بہنوں سے ایک ساتھ نکاح درست تھا بعد میں اس کو حرام قرار دیا گیا۔ حضرت اسماعیلؑ کیلئے اللہ نے پہلے ذبح کا حکم دیا پھر ذبح سے پہلے اس حکم کو منسوخ کر دیا۔

قانون خواہ الٰہی ہو یا وضعی ہر ایک میں نسخ ضروری ہے کیوں اس میں انسانوں کیلئے مصلحتیں ہیں۔ کوئی قانون کسی سبب کے تحت کوئی حکم نافذ کرتا ہے مگر جب سبب زائل ہوجاتا ہے تو اس حکم کو اٹھا لیا جاتا ہے کیونکہ سبب کے زوال کے بعد اس حکم کو باقی رکھنا خلاف حکمت ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے پہلے قربانیوں کے گوشت کے **ادخار** (جمع کرنا) سے منع فرمایا تھا مگر جب صحابہ میں معاشی خوشحالی آئی تو اس حکم کو منسوخ کر دیا اور قرآن میں شراب کی حرمت کے نزول میں تدریج درحقیقت اسی حکمت کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ نسخ کبھی صریحی ہوتا ہے کبھی ضمنی کبھی کلی ہوتا ہے کبھی جزئی۔ قرآن میں اس کی بہت سی مثالیں موجود ہیں۔ ایک مثال کو ذہن میں رکھنا کافی ہوگا۔

اللہ نے فرمایا،

**كتب عليكم اذا حضر احدكم الموت ان ترك خيران الوصية للوالدين والاقربين.** (سورہ البقرہ:۱۸۰)۔

یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ مرتے وقت ماں باپ کیلئے ترکے میں وصیت کرسکتا ہے۔ پھر اللہ نے آیت میراث **يوصيكم الله فى الاولادكم** میں یہ حکم منسوخ کر دیا۔ یہ آیت پہلی آیت کیلئے ناسخ ہے اور پہلا حکم منسوخ ہے اور جمہور کی رائے یہی ہے۔



محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

